© rasailojaraid.com

طباعت اعلیٰ قیمت مجلد عہ غیر مجلد عہ ملنے کا پتہ:۔ اقبال اکیڈمی ظفر منزل تاج پورہ لاہور۔

اس کتاب میں چالیس ایسی نظمیں اور قطعات ہیں جو اُردو زبان کے مختلف شاعروں اور شاعرات نے اقبال مرحوم کی وفات سے متاثر ہو کر کہے تھے۔ یہ صرف حصّہ اوّل ہے۔ شروع میں محمد حسنین صاحب سید بی اے کے قلم سے دس صفحوں پر اقبال مرحوم کی لائف پر ایک مضمون ہے۔ پھر ذوق و شوق کے عنوان سے خود لائق مرتب کی ایک طویل نظم ہے اور اس کے بعد دوسرے حضرات کے نتائج افکار ہیں۔ اقبال مرحوم کی وفات پر اُردو اخباروں اور رسالوں میں بہت کثرت سے نظمیں شائع ہوئی تھیں لیکن فگار صاحب نے اپنے ذوق شعری کے لحاظ سے ان کا انتخاب کیا ہے جو اُن کی قوت انتخاب کی صحت پر دلالت کرتا ہی۔ اُمید ہے اقبال مرحوم کے عقیدتمند اس کی قدر کرینگے۔

آزاد حیدر آباد | از مرزا مظفر بیگ صاحب تقطیع خورد ضخامت ۸۰ اصفحات قیمت ۱۲ر ملنے کا پتہ: مکتبہٗ ابراہیمیہ۔ حیدر آباد (دکن)۔

حیدر آباد دکن کے مسلمانوں میں چند سالوں سے اپنی ریاست کی آزادی و ترقی کے لیے جو سیاسی احساس و شعور پیدا ہو گیا ہے "آزاد حیدر آباد" اُسی تحریک اور اسی احساس کا ثمرہ ہے۔ مرزا مظفر بیگ صاحب نے اس کتاب میں ایسے تیرہ مفید اور پراز معلومات مقالات جمع کر دیے ہیں جو حیدر آباد دکن سے متعلق ریاست یا غیر ریاست کے اخباروں میں شائع ہو چکے ہیں۔ ان مضامین میں "حیدر آباد دکن کی آئینی حیثیت معاہدات کی روشنی میں" "حیدر آباد اور تعلقات خارجہ" اُس کی سیاسی، ملکی، اقتصادی اور انتظامی ترقیاں، وغیرہ وغیرہ پر تشفی بخش بحث کی گئی ہے۔

ان مضامین کے شروع میں سرکار نظام میر عثمان علی خاں کی وہ تقریر ہے جو اعلیحضرت نے دو صد سالہ جشن خود مختاری کے موقع پر کی تھی اور جس میں اجمالاً ریاست حیدر آباد کے استقلال و خود مختاری کی تاریخ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ آخر میں نواب بہادر یار جنگ کی وہ ۶ ضداشت ہے جو انھوں نے مجلس اتحاد المسلمین کی طرف

© rasailojaraid.com